نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

اجلاس میں وزیراعلی پنجاب کے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر" پروگرام کے تحت زرعی شعبے کی ترقی کیلئے جاری اور نئے منصوبہ جات بارے جائزہ لیا گیا

لاہور29 جولائی2025: صوبائی وزیرزراعت و لائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت آج ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیراعلی کے زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے جاری اور نئے منصوبہ جات بارے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے زرعی اقدامات باعث زراعت کے شعبے میں خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے۔انھوں نے کہا کہ اب تک 6 لاکھ 28 ہزار کسان کارڈز جاری کئے جا چکے ہیں۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ کسان کارڈ حکومت پنجاب کا ایک فلیگ شپ پروگرام ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ کسان کارڈ ہولڈرز کی تعداد میں مزید اضافہ کیا جائے تا کہ کاشتکار بروقت زرعی مداخل کی خرید کر سکیں۔کسان کارڈ کے دوسرے مرحلے کے دوران مجموعی رقم 100 ارب روپے مختص کئے گئے جس میں سے 84 ارب روپے کی رقم کسانوں کو جاری ہوگئی ہے۔کسانوں نے اب تک 45 ارب روپے کی رقم استعمال کر لی ہے جن میں سے 31 ارب کھادوں کی خریداری پر استعمال ہوا ہے۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ویٹ سپورٹ پروگرام کے تحت 12 ارب روپے کی رقم کسانوں میں تقسیم کی جا چکی ہے۔اس پروگرام 955 ٹریکٹرز کاشتکاروں میں شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے تقسیم کئے جا چکے ہیں۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیراعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت دوسرے مرحلہ کے لیے درخواستیں ماہ اگست میں لی جائیں گی اور 50 ہارس پاور سے 65 ہارس پاور کے مقامی طور پر تیار کردہ 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو 5 لاکھ سبسڈی جبکہ 75 ہارس پاور سے 125 ہارس پاور کے 10 ہزار لوکل و درآمد کیے گئے ٹریکٹرز پر 10 لاکھ سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت تحصیل کی سطح پر قرعہ اندازی کا انعقاد کیا

جائے گا۔صوبائی وزیرزراعت نے کہا کہ ماڈل ایگریکلچر مالز کے قیام کے سلسلے ساہیوال، ملتان، بہاولپور اور سرگودھا کا تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے۔انھوں نے کہا کہ دوسرے مرحلہ کے دوران پنجاب میں 10 مزید ماڈل ایگری مالز بنائے جائیں گے۔ زرعی گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے دوسرے مرحلہ کے دوران 2 ہزار مزید زرعی گریجویٹس بھرتی کئے جا رہے ہیں۔اس ضمن میں نوجوان زرعی گریجویٹس 8 اگست تک اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔سولرائزیشن آف ایگری ٹیوب ویلز کی زرعی فارموں پر تنصیب کے پروگرام کے تحت 10، 15 اور 20 کلوواٹ سولر سسٹم پر بالترتیب 5 لاکھ، ساڑھے 7 لاکھ اور 10 لاکھ روپے سبسڈی دی جارہی ہے۔اس پروگرام کے تحت اب تک 3350 سولر سسٹم انسٹال کر دیئے گئے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت سپر سیڈرز کی فراہمی کا پہلا اور دوسرا مرحلہ مکمل ہوگیا ہے۔رواں سال ماہ ستمبر میں دھان کی کٹائی سے قبل مجموعی طور پر 5 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کو فراہم کر دیئے جائیں گے۔ان میں سے 2 ہزار سپر سیڈرز کی فراہمی کے لیے ترجیح موٹروے کے قریب دیہی علاقوں کو دی جائے گی۔عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ ہائی ٹیک فنانسنگ پروگرام کے تحت اگلے مالی سال میں 11 قسم کی جدید نئی مشینری وآلات کاشت کاروں کو سبسڈی پر فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے تحت ایک ہزار مشینری وآلات کاشت کاروں کو فراہم کئے جائیں گے۔اس پروگرام کے لیے 30 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے جس کے تحت سروس پرووائیڈرز/ کاشت کاروں کو زرعی مشینری کی خرید کیلئے 3 کروڑ روپے تک بلاسود قرضہ جات فراہم کئے جائیں گے۔یہ بلاسود قرض سروس پرووائیڈرز/ کاشتکار 5 سال کی مدت میں واپس کریں گے۔اس کے علاوہ وزیراعلیٰ پنجاب پانی کی بچت کے منصوبے کے تحت 1400 کھالہ جات کو پختہ کیا جائے گا اور 500 لیزر لیولرز موجودہ سال تقسیم کئے جائیں گے جبکہ 500 مزید لیزر لیولرز شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے اگلے سال تقسیم کئے جائیں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب ٹرانسفارمیشن آف پوٹھوہار ریجن پروگرام کے تحت 7 ہزار ایکڑ رقبہ قابل کاشت بنایا جائے گا۔اس کے علاوہ 500 منی ڈیمز اور کمانڈ ائیر سے متصل 250 کھالہ جات بنائے جائیں گے۔6 ہزار ایکڑ پر زیتون کی کاشت کی جائے گی اور 2 ہزار ایکڑ رقبہ مونگ پھلی کے بیج و 100 ایکڑ رقبہ پر ادرک کی کاشت کی جائے گی۔اس کے پروگرام کے تحت پوٹھوہار کے علاقہ میں 500 لیزر لینڈ لیولرز بھی دیئے جائیں گے

اجلاس میں ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، انجینئر ساجد حسن، رانا تجمل سمیت دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆